صحرائے کربلاء میں اب عصر کي گھڑي ھے

صحرائے کربلاء میں اب عصر کي گھڑي ھے
زھراء کا لاڈلا ھے اور شمر کي چُھوري ھے

آغوش فاطمۃ پر کیون بجلِیان نہ ٹوٹے
نازون کا پالا بیٹا جلتي زمیں په تڑپے
سوله پہر کا پیاسا اور دھوپ بھي کڑي ھے

قرآن کي سورتیں ھے بِکھري ھوئي زمیں پر
چھرے لھو بہے ھے ٹکڑے میں تن کھیں پر
زھراء کي کھکشا سے کرب بلاء سجي ھے

دریا کي سمت دیکھا عبّاس یاد آیا
کِس بیکسي میں دیکھو بھائي تمھارا آیا
ٹوٹا ھے مجھ په لشکر ٹوٹي کمر میري ھے

اٹھارہ سال والا نظروں میں پھر رہا ھے
نیزے کے ساتھ جِسکا دل بھي نِکل گیا ھے
پیڑي میں یوں مصیبت شبّیر پر گِري ھے

سوکھے ھوئے لبوں نے نانا کو ھے پُکارا
زخمي ھوں اب تو آؤ بیٹے کو دو سہارا
سجدہ بجاؤں آخِر طاقة کہاں میري ھے

سائے میں پنجتن کے سجدہ بجا رہے ھے
اب آخري دعاء سے اُمّة بچا رہے ھے
اور چل رہا ھے خنجر گردن اُتر رہي ھے

برھان دیں کا باغِ صحت ھمیشه مہکے
مہکے عزاء کا گُلشن مولیٰ تمھارے دم سے
اَشكِ برھان دیں سے دعوة ھري بھري ھے

موليٰ رهو سلامت سائے میں پنجتن کے
کرتے رهو دعائیں حق میں یہ مَرد و زن کے
غم خوارون کي زُبان پر هردم دُعاء یهي هے

ظُلمت میں قبر کي جب کوئي نه ساته هوگا
برهان دیں کا اُس دم هاتهون میں هاته هوگا
گهبرا نه اے جمالي برهان دیں ولي هے

✱✱✱✱✱